احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

ہفتہ 26 جولائی 2008ء

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 26 جولائی 2008ء 22 رجب 1429 ہجری 26 وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 170

غور اور تدبیر

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیے۔ آپؐ نے فرمایا تمام معاملات کیلئے غور اور تدبیر کیا کرو اگر تم انجام کار اسے اچھا پاؤ تو اسے کرگزرو اور اگر بدانجام کا اندیشہ ہو تو رک جاؤ۔

(جامع معمر بن راشد جلد 11 صفحہ 165)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جس طرح طبیب کے پاس کوئی بیمار جاتا ہے تو اس وقت تک وہ اس کا علاج نہیں کرسکتا۔ جب تک وہ یہ تشخیص نہ کر لے کہ مرض کا اصل سبب کیا ہے اور جب وہ مرض کا اصل سبب معلوم کر لیتا ہے تو پھر وہ اس کا علاج تجویز کرتا ہے۔ لیکن جب تک پورے پورے طور پر مرض کی تشخیص نہیں ہو لیتی تو وہ عمدہ طور پر اس کا علاج نہیں سوچ سکتا۔ ٹھیک یہی حال گناہ کا ہے کیونکہ گناہ ایک روحانی بیماری ہے جب تک اس کی ماہیت معلوم نہیں ہوتی۔ اس وقت تک انسان گناہ سے بچ نہیں سکتا۔ اس پر یہ سوال ہوسکتا ہے کہ انسان گناہ کی طرف کیوں جھکتا ہے اور یہ گناہ کا خیال پیدا ہی کیوں ہوتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ اس وقت تک انسان گناہ کرتا ہے جب تک وہ خدا سے بے خبر رہتا ہے بھلا کیا کوئی شخص جو چوری کرتا ہے وہ اس وقت کرتا ہے جبکہ گھر کا مالک جاگتا ہو اور روشنی بھی ہو یا اس وقت کرتا ہے؟ جبکہ گھر کا مالک سویا ہوا ہو اور ایسا اندھیرا ہو کہ کچھ دکھائی نہ دیتا ہو؟ صاف ظاہر ہے کہ وہ اس وقت چوری کرتا ہے جب وہ یقین کرتا ہے کہ مالک بے خبر ہے اور روشنی نہیں ہے۔ اسی طرح پر ایک شخص جو گناہ کرتا ہے وہ اس وقت کرتا ہے جبکہ خدا سے بے خبر ہو جاتا ہے اور اس کو اس پر کچھ یقین نہیں ہوتا نہ اس وقت جبکہ اس کو یقین ہو کہ خدا ہے۔ اور وہ اس کے اعمال کو دیکھتا ہے اور اس کو سزا دے سکتا ہے اور یہ علم ہو کہ اگر میں کوئی کام اس کی خلاف مرضی کروں گا تو وہ اس کی سزا دے گا۔ جب یہ علم اور یقین خدا کی نسبت ہو تو پھر گناہ کی طرف میل اور توجہ نہیں ہوسکتی۔ جب انسان یہ یقین رکھتا ہے کہ میں ہمیشہ اس کے ماتحت ہوں اور وہ میری بداعمالیوں کی سزا دے سکتا ہے اور میرے اعمال کو دیکھتا ہے پھر جرات نہیں کرسکتا۔ جیسے ایک بھیڑ کو بھیڑیئے کے سامنے باندھ دیا جاوے تو کسی دوسرے کے کھیت کی طرف جانا درکنار اس کے سامنے کتنا ہی گھاس کھانے کے لئے ڈالا جاوے تو وہ اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھے گی کیونکہ ایک خوف جان اس پر غلبہ کئے ہوئے ہے۔ پس جبکہ خوف ایک وحشی جانور تک اپنا اتنا اثر کرسکتا ہے کہ وہ کھانا تک چھوڑ دیتا ہے تو پھر انسان جب اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے سامنے اسی طرح سمجھے۔ اور یقین کرے کہ وہ دیکھتا ہے اور گناہ پر سزا دیتا ہے تو اس یقین کے بعد گناہ کی طرف متوجہ نہیں ہوسکتا بلکہ وہ یقین رکھتا ہے کہ وہ صاعقہ کی طرح اس پر گرے گا اور تباہ کر دے گا۔

پس یہ خوف جو خدا تعالیٰ کو بزرگ و برتر اور قدرت والا ماننے سے پیدا ہوتا ہے اس کو گناہ سے بچائے گا اور یہ سچا ایمان پیدا کرے گا۔

(ملفوظات جلد دوم ص 605)

مدرسۃ الحفظ طلباء میں داخلہ

مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2008ء کیلئے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ 10/اگست 2008ء ہے۔ والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچہ کے داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ ارسال کریں۔

☆ نام۔ ولدیت۔ تاریخ پیدائش۔ ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)

☆ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ درخواست پر صدر/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

اہلیت:

☆ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2008ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

☆ امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

انٹرویو:

☆ ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 16۔ اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

☆ بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 18,17۔ اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 15۔ اگست کو دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کردی جائے گی۔ تمام امیدواران سے درخواست ہے کہ انٹرویو کیلئے آنے سے قبل اس بات کی تسلی کرلیں کہ ان کا نام لسٹ میں شامل ہے نیز مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

عارضی لسٹ اور تدریس کا آغاز: کامیاب امیدواران کی عارضی لسٹ مورخہ 20۔ اگست 2008ء کو صبح 9:00 بجے مدرسۃ الحفظ اور نظارت تعلیم کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی تدریس کا آغاز مورخہ 25۔ اگست سے ہوگا حتمی داخلہ 31 دسمبر 2008ء کے بعد تسلی بخش تدریسی کارکردگی پر دیا جائے گا۔

نوٹ: انٹرویو کیلئے قواعد پر پورا اترنے والے امیدواران کو علیحدہ سے کوئی اطلاع نہیں بھجوائی جائے گی۔

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان

پوسٹ کوڈ: 35460

فون: 047-6213322-047-6212473

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی (حالات اور خدمات)

نمبر 11

سوال: ربوہ میں فون کا اجراء کب ہوا اور پہلا فون کس کو کیا گیا اور وہ کن الفاظ پر مشتمل تھا۔

جواب: 21 مئی 1951ء کو اجراء ہوا اور پہلا فون امیر جماعت احمدیہ قادیان کو کیا گیا جو حضور کے مندرجہ ذیل الفاظ پر مشتمل تھا ''جماعت کو سلام۔ بیماروں کی عیادت اور دعاؤں کی تحریک''۔

سوال: حضور نے مختلف سیاسی امور کے متعلق کتنی کتب تصنیف فرمائیں۔

جواب: قریباً 35 کتب۔

سوال: رسالہ فرقان کا اجراء کب اور کس نے فرمایا۔

جواب: 1951ء میں حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب نے کیا۔

سوال: قادیان سے رسالہ درویش کا اجراء کب ہوا۔

جواب: ستمبر 1951ء میں۔

سوال: حضور نے افتاء کمیٹی کا اِحیاء کب فرمایا۔

جواب: 7 جنوری 1952ء کو حضور نے افتاء کمیٹی کا احیاء فرمایا۔ یہ پہلے 1943ء میں قائم ہوئی تھی۔

سوال: حضور نے مجلس خدام الاحمدیہ ربوہ کے دفتر کا سنگ بنیاد کب رکھا۔

جواب: 6 فروری 1952ء کو۔

سوال: حضرت اماں جان سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کا انتقال کب ہوا۔

جواب: 21,20/اپریل 1952ء کی درمیانی شب۔

سوال: خلافت لائبریری کا قیام کب عمل میں آیا۔

جواب: مئی 1952ء میں۔

سوال: رسالہ ''خالد'' کا اجرا کب ہوا۔

جواب: اکتوبر 1952ء میں۔

سوال: مجلس احرار نے پاکستان کے بننے کے بعد جماعت کے خلاف پنجاب گورنمنٹ کے افسران کے ساتھ مل کر تحریک کب چلائی۔

جواب: 1953ء میں۔

سوال: فسادات پنجاب کی وجہ سے حضرت مسیح موعود کے خاندان کے کن افراد کو کب گرفتار کیا گیا۔

جواب: یکم اپریل 1953ء کو فسادات پنجاب کی وجہ سے حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب اور حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کو گرفتار کر لیا گیا۔

سوال: حضرت مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) کب رہا ہوئے۔

جواب: 28 مئی 1953ء کو۔

سوال: حضور نے ربوہ میں صدر انجمن احمدیہ اور تحریک جدید کے دفاتر کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: 19 نومبر 1953ء کو۔

سوال: 1953ء میں حضور نے کون سی چار اصلاحی تحریکات فرمائیں۔

جواب: 1۔ سات روزوں کی تحریک۔ 2۔ اشاعت دین کی تحریک۔ 3۔ دعا کی تحریک۔ 4۔ سچ بولنے کی تحریک۔

سوال: حضور نے دارالذکر لاہور کا سنگ بنیاد کب رکھا۔

جواب: 22 فروری 1954ء کو۔

سوال: حضور پر قاتلانہ حملہ کب، کس نے اور کہاں کیا۔

جواب: 10 مارچ 1954ء کو بیت المبارک ربوہ میں بعد نماز عصر حضور پر ایک شخص عبدالحمید نے قاتلانہ حملہ کیا۔

سوال: (بیت) محمود سوئٹزرلینڈ کا افتتاح کس نے فرمایا۔

جواب: حضرت چوہدری سر ظفر اللہ خان صاحب نے۔

سوال: ایک سال کے جبری تعطل کے بعد الفضل کا لاہور سے دوبارہ اجراء کب ہوا۔

جواب: 15 مارچ 1954ء کو۔

سوال: حضور نے قاتلانہ حملہ کے بعد پہلا جمعہ کب پڑھایا۔

جواب: 21 مئی 1954ء کو۔

حدیقۃ المہدی

نشانِ فتح و ظفر ہے حدیقۃ المہدی
نوید صبح سحر ہے حدیقۃ المہدی

خدا نے حکم دیا وسّع مکانک
اسی کا شیریں ثمر ہے حدیقۃ المہدی

خدا نے ہم کو عطا کی ہے اک وسیع جنت
جمالِ ذوقِ نظر ہے حدیقۃ المہدی

بہت حسین ہے منظر یہاں ستاروں کا
حسین چاند نگر ہے حدیقۃ المہدی

اسے کیا ہے معطر حسیں بہاروں نے
گلوں کی خوشبو سے تر ہے حدیقۃ المہدی

اِسے تو سینچا ہے ''مسرور'' نے دعاؤں سے
سدا بہار شجر ہے حدیقۃ المہدی

نزولِ رحمت باری کا ہے حسین مقام
سرور قلب و نظر ہے حدیقۃ المہدی

یہاں بھی جاری ہے لنگر مسیح دوراں کا
خدا کے مہدی کا گھر ہے حدیقۃ المہدی

سکون و امن کی منزل ہے یہ دلوں کے لئے
حبیب قلبِ بشر ہے حدیقۃ المہدی

خدا کے دین کے غلبہ کا آ رہا ہے دَور
اسی کا رَختِ سفر ہے حدیقۃ المہدی

سراج الحق قریشی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب

روحانی عالم کے انکشافات پر مبنی

سیر روحانی کے پُر معارف لیکچرز

حضرت مصلح موعود نے اکتوبر 1938ء میں حیدرآباد، دہلی اور آگرہ کا سفر فرمایا۔ اس سفر کے دوران آپ نے حیدرآباد دکن اور آگرہ کے تاریخی مقامات کی سیر بھی فرمائی۔ اس سفر کی نمایاں اور منفرد شان یہ ہے کہ غیاث الدین تغلق کے تعمیر کردہ قلعہ کی سیر کے دوران خدا کی زبردست تجلی ہوئی اور حضرت مصلح موعود کی زبان پر بے ساختہ یہ الفاظ جاری ہو گئے ''میں نے پالیا، میں نے پالیا''۔ اس ایمان افروز واقعہ کی تفصیلات خود حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بیان فرمائیں۔ حضور فرماتے ہیں:۔

''حیدرآباد میں، میں نے بعض نہایت ہی اہم تاریخی یادگاریں دیکھیں جن میں سے ایک گولکنڈہ کا قلعہ بھی ہے۔ یہ قلعہ ایک پہاڑ کی نہایت اونچی چوٹی پر بنا ہوا ہے اور اس کے گرد عالمگیر کی لشکر کشی کے آثار اور اہم قابل دید اشیاء ہیں یہاں کسی زمانہ میں قطب شاہی حکومت ہوا کرتی تھی اور اس کا دارالخلافہ گولکنڈہ تھا۔ یہ قلعہ حیدرآباد سے میل ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ایک نہایت اونچی چوٹی پر بڑا وسیع قلعہ بنا ہوا ہے۔ یہ قلعہ اتنی بلند چوٹی پر واقعہ ہے کہ جب ہم اس کو دیکھنے کے لئے آگے بڑھتے چلے گئے تو حیدرآباد کے وہ دوست جو ہمیں یہ قلعہ دکھانے کے لئے اپنے ہمراہ لائے تھے اور جو گورنمنٹ کی طرف سے ایسے محکموں کے افسر اور ہمارے ایک احمدی بھائی کے عزیز ہیں انہوں نے کہا کہ اب آپ نے اسے کافی دیکھ لیا ہے۔ آگے نہ جائیے۔ اگر آپ گئے تو آپ کو تکلیف ہوگی۔ چنانچہ خود تو انہوں نے شریفے لئے اور وہیں کھانے بیٹھ گئے۔ مگر ہم اس قلعہ کی چوٹی پر پہنچ گئے۔ جب میں واپس آیا تو میں نے دریافت کیا کہ مستورات کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ وہ بھی اوپر گئی ہیں۔ خیر تھوڑی دیر کے بعد وہ واپس آگئیں۔ میں نے ان سے کہا کہ تم کیوں گئی تھیں؟ وہ کہنے لگیں انہوں نے ہمیں روکا تو تھا اور کہا تھا کہ اوپر مت جاؤ اور حیدرآبادی زبان میں کوئی ایسا لفظ بھی استعمال کیا تھا جس کا مفہوم یہ تھا کہ اوپر گئے تو بڑی تکلیف ہوگی مگر ہمیں تو کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ شاید حیدرآبادی دوستوں کو تکلیف ہوتی ہو تو خیر ہم وہاں سے پھر پھرا کر واپس آگئے۔ یہ قلعہ نہایت اونچی جگہ پر ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ نہایت شاندار اور اسلامی شان وشوکت کا ایک پُرشوکت نشان ہے۔ اس قلعہ کی چوٹی پر میں نے ایک عجیب بات دیکھی اور وہ یہ کہ وہاں ہزاروں چھوٹی چھوٹی مسجدیں بنی ہوئی ہیں۔ ان میں سے ایک ایک مسجد اس سٹیج کے چوتھے یا پانچویں حصہ کے برابر تھی۔ پہلے تو میں نے سمجھا کہ یہ مقبرے ہیں مگر جب میں نے کسی سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ یہ سب مسجدیں ہیں اور اس نے کہا کہ جب عالمگیر نے اس جگہ حملہ کیا ہے تو اسے ریاست کو فتح کرنے کے لئے کئی سال لگ گئے اور مسلسل کئی سال تک لشکر کو یہاں قیام کرنا پڑا۔ اس وجہ سے اس نے نمازیوں کے لئے تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر ہزاروں مسجدیں بنادیں۔ مجھے جب یہ معلوم ہوا تو میرا دل بہت ہی متاثر ہوا اور میں نے سوچا کہ اس وقت کے مسلمان کس قدر باجماعت نماز ادا کرنے کے پابند تھے کہ وہ ایک ریاست پر حملہ کرنے کے لئے آتے ہیں مگر جہاں ٹھہرتے ہیں وہاں ہزاروں مسجدیں بنادیتے ہیں تا کہ نماز باجماعت کی ادائیگی میں کوئی کوتاہی نہ ہو۔

اسی طرح آگرہ اسلامی دنیا کے عظیم الشان آثار کا مقام ہے۔ وہاں کا تاج محل دنیا کے سات عجائبات میں سے ایک عجوبہ سمجھا جاتا ہے۔ وہاں کا قلعہ، فتح پور سیکری اور سلیم چشتی صاحب جو خواجہ فرید الدین صاحب گنج شکر پاکپتن کی اولاد میں سے تھے، ان کا مقبرہ عالم ماضی کی کیف انگیز یادگاریں ہیں۔ میں نے ان میں سے ایک ایک چیز دیکھی اور جہاں ہمیں یہ دیکھ کر مسرت ہوئی کہ اسلامی بادشاہ نہایت شوکت و عظمت کے ساتھ دنیا پر حکومت کرتے رہے ہیں وہاں یہ دیکھ کر رنج اور افسوس بھی ہوا کہ آج مسلمان ذلیل ہو رہے ہیں اور کوئی ان کا پُرسان حال نہیں۔

فتح پور سیکری کا قلعہ درحقیقت مغلیہ خاندان کے عروج کی ایک حیرت انگیز مثال ہے۔ چند سال کے اندر اندر اکبر کا اس قدر زبردست قلعہ اور شہر تیار کر دینا جس کے آثار کو اب تک امتداد زمانہ نہیں مٹا سکا، بہت بڑی طاقت اور سامانوں کی فراوانی پر دلالت کرتا ہے۔ یہ اتنا وسیع قلعہ ہے کہ دوربین سے ہی اس کی حدوں کو دیکھا جاسکتا ہے۔ خالی نظر سے انسان اس کی حدوں کو اچھی طرح نہیں دیکھ سکتا اور اب تک اس کے بعض حصے بڑے محفوظ اور عمدگی سے قائم ہیں۔ یہ باتیں بتاتی ہیں کہ مسلمانوں کو بہت بڑی طاقت اور سامانوں کی فراوانی حاصل تھی ورنہ چند سالوں کے اندر اندر اکبر اس قدر وسیع شہر اور اتنا وسیع قلعہ ہرگز نہ بنا سکتا تھا۔ مغلیہ خاندان کے جو قلعے میں نے دیکھے ہیں ان میں سے درحقیقت یہی قلعہ کہلانے کا مستحق ہے ورنہ آگرہ کا قلعہ اور دلی کا قلعہ صرف محل ہیں۔ قلعہ کا نام انہیں اعزازی طور پر دیا گیا ہے۔ قلعہ کی اغراض کو دکن کے قلعے زیادہ پورا کرتے ہیں اور یا پھر فتح پور سیکری کے قلعہ میں جنگی ضرورتوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ دہلی میں میں نے جامع مسجد دیکھی۔ دہلی کا قلعہ دیکھا خواجہ نظام الدین صاحب اولیاءؒ کا مزار دیکھا۔ منصور اور ہمایوں کے مقابر دیکھے۔ قطب صاحب کی لاٹ دیکھی۔ حوض خاص دیکھا پرانا قلعہ دیکھا جنتر منتر دیکھا، تغلق آباد اور ادکھلا بند دیکھا۔ ہم نے ان سب چیزوں کو دیکھا اور عبرت حاصل کی۔ اچھے کاموں کی تعریف کی اور لغو کاموں پر افسوس کا اظہار کیا۔ مسلمانوں کی ترقی کا خیال کر کے دل میں ولولہ پیدا ہوتا تھا اور ان کی تباہی کو دیکھ کر رنج اور افسوس پیدا ہوتا تھا۔ جن لوگوں نے ہمت سے کام لیا ان کے لئے دل سے آفرین نکلتی تھی اور جنہوں نے آثار قدیمہ کی تحقیق کی بعض گری ہوئی عمارتوں کو کھودا، پرانے سکوں کو نکالا اور جو آثار ملے انہیں محفوظ کر دیا۔ ان کے کاموں کی ہم تعریف کرتے تھے۔

ان میں سے بعض مقامات میرے پہلے بھی دیکھے ہوئے تھے جیسے دہلی اور آگرہ کے تاریخی مقامات ہیں۔ مگر بعض اس دفعہ نئے دیکھے اور ہر ایک مقام سے اپنے اپنے ظرف کے مطابق ہم نے لطف اٹھایا۔ میں نے اپنے ظرف کے مطابق۔ میرے ساتھیوں نے اپنے ظرف کے مطابق اور مستورات نے اپنے ظرف کے مطابق، یوں تو ہر جگہ میری طبیعت ان نشانات کو دیکھ دیکھ کر ماضی میں گم ہو جاتی تھی۔ میں مسلمانوں کے ماضی کو دیکھتا اور حیران رہ جاتا کہ انہوں نے کتنے بڑے بڑے قلعے بنائے اور وہ کس طرح ان قلعوں پر کھڑے ہو کر دنیا کو چیلنج کیا کرتے تھے کہ کوئی ہے جو ہمارا مقابلہ کر سکے۔ مگر آج مسلمانوں کو کوئی پوچھتا بھی نہیں۔ پھر میں ان کے حال کو دیکھتا اور افسردہ ہو جاتا تھا۔ لیکن تغلق آباد کے قلعے کو دیکھ کر جو کیفیت میرے قلب کی ہوئی وہ بیان سے باہر ہے۔ یہ قلعہ غیاث الدین تغلق کا بنایا ہوا ہے اور اس کے پاس ہی غیاث الدین تغلق کا مقبرہ بھی ہے۔ یہ قلعہ ایک بلند جگہ پر واقع ہے۔ خاصا اوپر چڑھ کر اس میں داخل ہونا پڑتا ہے۔ جہاں تک ٹوٹے پھوٹے آثار سے میں سمجھ سکا ہوں اس کی تین فصیلیں ہیں اور ہر فصیل کے بعد زمین اور اونچی ہو جاتی ہے۔ جب ہم اس پر چڑھے تو میرے ساتھ میری بڑی ہمشیرہ بھی تھیں جن کے متعلق حضرت مسیح موعود کا الہام ہے کہ ''نواب مبارکہ بیگم'' اسی طرح میری چھوٹی بیوی اور امۃ الحی مرحومہ کے بطن سے جو میری بڑی لڑکی ہے وہ بھی میرے ہمراہ تھیں۔ ہمشیرہ تو تھک کر پیچھے رہ گئیں۔ مگر میں، میری ہمراہی بیوی اور لڑکی ہم تینوں اوپر چڑھے اور آخر ایک عمارت کی زمین پر پہنچے جو ایک بلند ٹیکرے پر بنی ہوئی تھی۔ یہاں سے ساری دہلی نظر آتی تھی۔ اس کا قطب مینار اس کا پرانا قلعہ، نئی اور پرانی دہلی اور ہزاروں عمارات اور کھنڈر چاروں طرف سے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر اسے دیکھ رہے تھے اور قلعہ ان کی طرف گھور رہا تھا۔ میں اس جگہ پہنچ کر کھڑا ہو گیا اور پہلے تو اس عبرتناک نظارہ پر غور کرتا رہا کہ یہ بلند ترین عمارت جو تمام دہلی پر بطور پہرہ دار کھڑی ہے اس کے بنانے والے کہاں چلے گئے وہ کس قدر اولوالعزم، کس قدر باہمت اور کس قدر طاقت وقوت رکھنے والے بادشاہ تھے جنہوں نے ایسی عظیم الشان یادگاریں قائم کیں۔ وہ کس شان کے ساتھ ہندوستان میں آئے اور کس شان کے ساتھ یہاں مرے۔ مگر آج ان کی اولادوں کا کیا حال ہے کوئی ان میں سے بڑھئی ہے، کوئی لوہار ہے، کوئی معمار ہے، کوئی موچی ہے اور کوئی میراثی ہے۔ میں انہی خیالات میں تھا کہ میرے خیالات میرے قابو سے باہر نکل گئے اور میں کہیں کا کہیں جا پہنچا۔

سب عجائبات جو سفر میں میں نے دیکھے تھے میری آنکھوں کے سامنے سے گزر گئے۔ دہلی کا یہ وسیع نظارہ جو میری آنکھوں کے سامنے تھا، میری آنکھوں کے سامنے سے غائب ہو گیا اور آگرہ اور حیدرآباد اور سمندر کے نظارے ایک ایک کر کے سامنے سے گزرنے لگے۔ آخر وہ سب ایک اور نظارہ کی طرف اشارہ کر کے خود غائب ہو گئے۔ میں اس محویت کے عالم میں کھڑا رہا، کھڑا رہا اور کھڑا رہا اور میرے ساتھی حیران تھے کہ اس کو کیا ہو گیا یہاں تک کہ مجھے اپنے پیچھے سے اپنی لڑکی کی آواز آئی کہ ابا جان دیر ہو گئی ہے۔ میں اس آواز کو سن کر پھر اسی مادی دنیا میں آگیا۔ مگر میرا دل اس وقت رقت انگیز جذبات سے پُر تھا، نہیں وہ خون ہو رہا تھا اور خون کے قطرے اس سے ٹپک رہے تھے مگر اس زخم میں ایک لذت بھی تھی اور وہ غم سرور سے ملا ہوا تھا۔ میں نے افسوس سے اس دنیا کو دیکھا اور کہا کہ میں نے پالیا میں نے پالیا!

جب میں نے کہا ''میں نے پالیا۔ میں نے پالیا!'' تو اس وقت میری وہی کیفیت تھی جس طرح آج سے دو ہزار سال پہلے گیا کے پاس ایک بانس کے درخت کے نیچے گوتم بدھ کی تھی۔ جبکہ وہ خدا تعالیٰ کا قرب اور اس کا وصال حاصل کرنے کے لئے بیٹھا اور وہ بیٹھا رہا اور بیٹھا رہا۔ یہاں تک کہ بدھ مذہب کی روایات میں لکھا ہے کہ بانس کا درخت اس کے نیچے سے نکلا اور اس کے سر کے پار ہو گیا مگر محویت کی وجہ سے اس کو اس کا کچھ پتہ نہ چلا یہ تو ایک قصہ ہے جو بعد میں لوگوں نے بنالیا۔ اصل بات یہ ہے کہ بدھ ایک بانس کے درخت کے نیچے بیٹھا اور وہ دنیا کے راز کو سوچنے لگا۔ یہاں تک کہ خدا نے اس پر یہ راز کھول دیا۔ تب گوتم بدھ نے یک دم اپنی آنکھیں کھولیں اور کہا ''میں نے پالیا۔ میں نے پالیا''۔ میری کیفیت بھی اس وقت یہی تھی جب میں اس مادی دنیا کی طرف واپس لوٹا تو بے اختیار میں نے کہا ''میں نے پالیا۔ میں نے پالیا''۔ اس وقت میرے پیچھے میری لڑکی امۃ القیوم بیگم چلی آ رہی تھی۔ اس نے کہا ابا جان! آپ نے کیا پالیا؟ میں نے کہا میں نے بہت کچھ پالیا۔ مگر میں اس وقت تم کو نہیں بتا سکتا۔ میں اگر اللہ تعالیٰ نے

چاہا تو جلسہ سالانہ پر بتاؤں گا کہ میں نے کیا پایا۔ اس وقت تم بھی سن لینا۔
(سیر روحانی جلد اول ص 8 تا 12۔ تقریر جلسہ سالانہ 28 دسمبر 1938ء)

”سیر روحانی“ کے پُر معارف اور علمی لیکچروں کا آغاز

حضور انور نے اپنے وعدہ کے مطابق اسی سال ”سیر روحانی“ کے عنوان سے جلسہ سالانہ 1938ء پر علمی لیکچروں کے ایک مبارک سلسلہ کا آغاز فرمادیا جو 1958ء میں پایہ تکمیل کو پہنچا اور بعد ازاں کتابی صورت میں چھپ کر اپنوں اور بیگانوں میں بے حد مقبول ہوا۔

حضور نے اس سلسلہ کے پہلے لیکچر کی ابتداء میں فرمایا:۔

”آج میں آپ لوگوں کو بتاتا ہوں کہ میں نے وہاں کیا پایا اور وہ کیا تھا جسے میری اندرونی آنکھ نے دیکھا۔

”میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ جو کچھ میں نے اس وقت وہاں دیکھا وہ وہی تھا جو میں آج بیان کروں گا اس وقت میری آنکھوں کے سامنے سے جو نظارے گزرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو راز مجھ پر کھولا گیا گو وہ تفصیل کے لحاظ سے بہت بڑی چیز ہے اور کئی گھنٹوں میں بھی بیان نہیں ہو سکتی مگر چونکہ فکر میں انسان جلدی سفر طے کر لیتا ہے۔ اس لئے اس وقت تو اس پر چند منٹ شاید دس یا پندرہ ہی خرچ ہوئے تھے پس جو انکشاف اس وقت ہوا وہ بطور بیج کے تھا اور جو کچھ میں بیان کروں گا وہ اپنے الفاظ میں اس کی ترجمانی ہوگی اور اس کی شاخیں اور اس کے پتے اور اس کے پھل بھی اپنی اپنی جگہ پر پیش کئے جائیں گے۔ اب میں قدم بقدم آپ کو بھی اپنے اس وقت کے خیالات کے ساتھ لے جانے کی کوشش کرتا ہوں“۔

اس وضاحت کے بعد حضور نے بتایا کہ میں نے اس سفر میں سولہ چیزیں دیکھی ہیں۔ (1) قلعے، (2) مقابر، (3) مساجد، (4) مینار، (5) نوبت خانے، (6) باغات، (7) دیوان عام، (8) دیوان خاص، (9) نہریں، (10) لنگر خانے، (11) دفاتر، (12) کتب خانے، (13) مینا بازار، (14) جنتر منتر، (15) سمندر، (16) محکمہ آثار قدیمہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ان مادی اشیاء میں سے ایک ایک چیز کو لیا اور پھر قرآن مجید کے عالم روحانی میں اس کے مشابہ اور متماثل امور کو نہایت وجد آفرین طریق اور اثر انگیز پیرایہ سے بیان فرمایا اور ثابت کیا کہ حضور پر کھلنے والی نئی دنیا کے عظیم الشان آثار قدیمہ اس سفر میں دکھائی دینے والے آثار قدیمہ سے بہت زیادہ شاندار ہیں۔ اس روحانی دنیا کے جنتر منتر انسانی طاقت سے بالا، اس کی روحانی نہریں عدیم المثال، اس کے سمندر بے کنار، اس کے محلات عالیشان، اس کے لنگر خانے جاری، اس کے دیوان عام، دیوان خاص، بازار، کتب خانے اور دفاتر عدیم النظیر، اس کے مینار بے انتہا بلند اور پُرشکوہ، اس کی مساجد غیر محدود اور وسیع و عریض، اس کے مقبرے لوگوں کو ہلا دینے والے اور اس کے قرآنی نوبت خانے دنیوی نوبت خانوں سے زیادہ شاندار ہیں جن سے پانچوں وقت خدائے واحد کی بادشاہت کا پُرہیبت اور پُرجلال اعلان کیا جاتا ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ”سیر روحانی“ کی علمی تقریروں میں ایسے ایسے قرآنی حقائق و معارف کے دریا بہادیئے اور اتنے بیشمار نکات معرفت بیان فرمائے کہ عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے اور دل اس یقین سے لبریز ہو جاتا ہے کہ خدا نے علوم ظاہری و باطنی کے پُر کئے جانے کی جو پیشگوئی اپنے مقدس مسیح موعود کو عطا فرمائی تھی، وہ پوری شان و شوکت سے پوری ہوئی۔

سیر روحانی کے بیشمار کمالات میں سے یہ تھا کہ سلطان البیان حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جہاں خدا کی دی ہوئی توفیق سے تفسیر قرآن اور تاریخ اسلام کے امتزاج سے اسلامی حقائق بالکل نئے اور اچھوتے رنگ میں پیش فرمائے۔ وہاں اپنی شان خطابت سے ان حقائق کے ذریعہ جماعت احمدیہ کے سامنے ایک بلند نصب العین رکھا اور ان میں روحانی زندگی کی ایک نئی روح پھونک دی۔ اس حقیقت کے ثبوت میں سیر روحانی کا صرف ایک اقتباس درج کرنا کافی ہوگا۔

حضور نے 28 دسمبر 1953ء کو عالم روحانی کے نوبت خانہ کا بالتفصیل تذکرہ کرنے کے بعد پُرجلال لب ولہجہ میں ارشاد فرمایا:۔

”اس نوبت خانہ سے جو یہ نوبت بجی، یہ کیا شاندار نوبت ہے پھر کیسی معقول نوبت ہے۔ وہاں ایک طرف بینڈ بج رہے ہیں، ٹوں، ٹوں، ٹیں، ٹیں، ٹیں اور یہ کہتا ہے اللہ اکبر، اللہ اکبر! ...... کیا معقول باتیں ہیں۔ کیسی سمجھدار آدمیوں کی باتیں ہیں۔ بچے بھی سنے تو وجد کرنے لگ جائے اور ان کے متعلق کوئی بڑا آدمی سوچے تو شرمانے لگ جائے۔ بھلا یہ کیا بات ہوئی کہ ٹوں، ٹوں، ٹوں۔ ٹیں، ٹیں، ٹیں۔ مگر افسوس کہ اس نوبت خانہ کو آخر مسلمانوں نے خاموش کر دیا۔ یہ نوبت خانہ حکومت کی آواز کی جگہ چند مرثیہ خوانوں کی آواز بن کر رہ گیا اور اس نوبت کے بجنے پر جو سپاہی جمع ہوا کرتے تھے وہ کروڑوں سے دسیوں پر آگئے اور ان میں سے بھی ننانوے فیصدی صرف رسماً اٹھک بیٹھک کر کے چلے جاتے ہیں۔ تب اس نوبت خانہ کی آواز کا رعب جاتا رہا۔ اسلام کا سایہ کھنچے لگ گیا۔ خدا کی حکومت پھر آسمان پر چلی گئی اور دنیا پھر شیطان کے قبضہ میں آگئی۔

اب خدا کی نوبت جوش میں آئی ہے اور تم کو، ہاں تم کو، ہاں تم کو، خدا تعالیٰ نے پھر اس نوبت خانہ کی ضرب سپرد کی ہے۔ اے آسمانی بادشاہت کے موسیقارو!! اے آسمانی بادشاہت کے موسیقارو!! اے آسمانی بادشاہت کے موسیقارو!!! ایک دفعہ پھر اس نوبت کو اس زور سے بجاؤ کہ دنیا کے کان پھٹ جائیں۔ ایک دفعہ پھر اپنے دل کے خون اس قرنا میں بھر دو۔ ایک دفعہ پھر اپنے دل کے خون اس قرنا میں بھر دو کہ عرش کے پائے بھی لرز جائیں اور فرشتے بھی کانپ اٹھیں تا کہ تمہاری دردناک آوازیں اور تمہارے نعرہ ہائے تکبیر اور نعرہ ہائے شہادت توحید کی وجہ سے خدا تعالیٰ زمین پر آجائے اور پھر خدا تعالیٰ کی بادشاہت اس زمین پر قائم ہو جائے۔ اسی غرض کے لئے میں نے تحریک جدید کو جاری کیا ہے اور اسی غرض کے لئے میں تمہیں وقف کی تعلیم دیتا ہوں۔ سیدھے آؤ اور خدا کے سپاہیوں میں داخل ہو جاؤ...... پھر وہ تخت محمد رسول اللہ کو دینا ہے اور محمد رسول اللہ نے وہ تخت خدا کے آگے پیش کرنا ہے اور خدا تعالیٰ کی بادشاہت دنیا میں قائم ہونی ہے۔ پس میری سنو! اور میری بات کے پیچھے چلو کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ خدا کہہ رہا ہے۔ میری آواز نہیں۔ میں خدا کی آواز تم کو پہنچا رہا ہوں۔ تم میری مانو۔ خدا تمہارے ساتھ ہو! خدا تمہارے ساتھ ہو!! خدا تمہارے ساتھ ہو اور تم دنیا میں بھی عزت پاؤ اور آخرت میں بھی عزت پاؤ“۔

(تاریخ احمدیت جلد 8 ص 522 تا 532)

تعارف

اِک حرفِ رسا

شاعرہ۔ ڈاکٹر فہمیدہ منیر

جماعت احمدیہ کی ادبی دنیا میں ڈاکٹر فہمیدہ منیر کا نام اجنبی نہیں ہے۔ قریباً تیس سال سے ان کا کلام مختلف جماعتی رسائل اور الفضل میں شائع ہو رہا ہے۔

”اک حرفِ رسا“ ڈاکٹر فہمیدہ منیر کا تیسرا مجموعہ کلام ہے۔ اس سے قبل دو مجموعے ”پریم سندیسہ“ 1989ء اور ”بکھری ریت پہ چاند کی کرنیں“ 1991ء میں شائع ہو چکے ہیں۔ ہجر و فراق کے درد کو بیان کرنے کا انداز ہر شاعر کا اپنی سوچ اور فکر کے حساب سے مختلف ہوتا ہے۔ اگر جان سے زیادہ عزیز ہستی مجبوراً دور دیس میں جا بسے تو اظہارِ غمِ جاناں کے ہزار مختلف طریقے ہو سکتے ہیں مگر محترمہ فہمیدہ منیر صاحبہ کا یہ شعر

گھر پہ تالا پڑا ہے مدت سے
اُس سے کہہ دو کہ اپنے گھر آئے

یقیناً آپ کو اپنے ہی دل کی آواز محسوس ہوگا۔

”اک حرفِ رسا“ کے ”عرض حال“ میں ڈاکٹر فہمیدہ منیر نے ایک دلچسپ بات لکھی ہے کہ ”عرض حال ضروری نہیں۔ حال تو صرف ایک دن کا ہوتا ہے۔ آنکھ کھلنے پر یہ دن شروع ہوتا ہے اور کام ختم ہونے پر ختم کر دیا جاتا ہے...... اس ایک دن پر فخر کرنا۔ کچھ کہنا۔ عبث ہے بیکار ہے۔“

”اک حرف رسا“ کا پیش لفظ سلسلہ کے معروف اور قادر الکلام شاعر مکرم سلیم شاہجہانپوری (مرحوم) کا تحریر کردہ ہے۔ وہ لکھتے ہیں ”اس مجموعے کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ

”ڈاکٹر فہمیدہ منیر دل کی واردات قلم کی زبان سے تحریر کرنے میں کمال حاصل کر چکی ہیں۔ غزل اور نظم دونوں پر ان کی گرفت مضبوط سے مضبوط تر ہو چکی ہے اور ان کو واردات کو نت نئے سانچوں میں ڈھالنے کا ہنر حاصل ہو گیا ہے۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ“

محترمہ فہمیدہ منیر صاحبہ نے پہلے فضل عمر ہسپتال میں پھر نجی طور پر کامیاب و ممتاز ڈاکٹر کی حیثیت سے خدمت خلق کے فرائض سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ شاعری کے سفر کو بھی جاری رکھا ہوا ہے۔ ”اک حرفِ رسا“ کے بعد ان کا چوتھا مجموعہ بھی زیرِ ترتیب ہے اور بہت جلد منظر عام پر آرہا ہے۔

ہر احمدی ادیب و شاعر نے، اپنی اپنی بساط کے مطابق حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے علم کلام سے فیض حاصل کیا ہے۔ نثر ہو یا نظم ہر سطر اور ہر مصرعہ اس ”فیض“ کی خوشبو سے معطر نظر آتا ہے۔ یوں پڑھنے والوں کو اس تحریر میں بیان کیا گیا مضمون اپنے ہی دل کی آواز محسوس ہوتا ہے۔ یہی کیفیت ’اک حرفِ رسا‘ کے مطالعے کے بعد نمایاں ہو کر سامنے آتی ہے۔ عمدہ کاغذ اور جاذب نظر ٹائٹل کے ساتھ 250 صفحات پر مشتمل ”اک حرفِ رسا“ میں شامل چند اشعار:

زمیں پہ گرتے مکانوں نے یہ دعا کی ہے
کوئی گزند نہ پہنچے کہیں مکینوں کو
کسی کو دامنِ دل میں جگہ نہیں دیتیں
خدا کا حکم نہ جب تک ملے زمینوں کو

کچھ اس طرح سے مجھ کو پکارا ہے تُو نے آج
رد و قبول دونوں نہیں اختیار میں
پردیس جا کے تجھ سے ملوں غیر کی طرح
اتنی سکت نہیں ہے دلِ بے قرار میں

(الف۔ن۔ع)

میگرو، ٹوکیو میوزیم

اگر آپ ٹوکیو کے میگرو سٹیشن پر اتریں تو آپ کو سرخ اینٹوں کی بلند و بالا عمارت نظر آئے گی۔ بس یہی میگرو میوزیم ہے۔ یہ میوزیم اس اعتبار سے انوکھا ہے کہ اس میں مختلف حشرات الارض خوفناک کیڑوں‘ سانپوں کی نایاب تصاویر موجود ہیں۔

مکرم افتخار احمد انور صاحب

نیک اعمال بجالانے کی اہمیت و برکات

نظام خلافت سے تعلق انہی لوگوں کا ہوگا جو نیک اعمال بجالائیں گے

مناسب حال عمل

اللہ تعالیٰ نے پاک کتاب قرآن کریم میں اعمال کے بارے میں اپنے بندوں کو خوشخبری دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ

اور تمہارے مال اور تمہاری اولادیں ایسی چیز نہیں کہ تم کو ہمارا مقرب بنادیں، ہاں جو ایمان لاتا ہے اور اس کے مناسب حال عمل کرتا ہے (وہی ہمارا مقرب ہوتا ہے) اور ایسے ہی لوگوں کو ان کے اچھے اعمال کی وجہ سے بڑھ چڑھ کر بدلے ملیں گے اور وہ بالا خانوں میں امن سے زندگی بسر کریں گے۔

(سورہ سبا آیت:38)

بہترین عمل

اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

جو کوئی مومن ہونے کی حالت میں نیک اور مناسب حال عمل کرے گا مرد ہو کہ عورت ہم اس کو پاکیزہ زندگی عطا کریں گے اور ہم ان (تمام لوگوں) کو ان کے بہترین عمل کے مطابق (ان کے تمام اعمال صالحہ کا) بدلہ دیں گے۔ (سورہ النحل آیت:98)

اعمال کا بدلہ

پھر فرماتا ہے:۔

اور جو ایمان لائے گا اور نیک (اور مناسب حال) عمل کرے گا اس کے لئے (خدا کے ہاں اس کے اعمال کے بدلہ میں) اچھا انجام (مقدر) ہے اور ہم (بھی) ضرور اس کے لئے اپنے حکم سے آسانی والی بات کہیں گے۔ (سورہ الکھف آیت:89)

اعمال سے فائدہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

جو کوئی ایمان کے مطابق عمل کرتا ہے اس کا فائدہ اسی کی جان کو پہنچتا ہے اور جو کوئی برے کام کرتا ہے اس کا نقصان (بھی) اسی کی جان کو پہنچتا ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹا کرلے جائے جاؤ گے۔

(سورۃ الجاثیہ آیت:16)

عمل کا دخل

مادی دنیا میں بھی عمل کے بغیر آپ کسی کام کو صحیح طور پر بجا نہیں لا سکتے۔ ایک نوکر اپنے آقا کے احکامات پر عمل کر کے ثابت کرتا ہے کہ وہ اپنے مالک کا وفادار ہے تو اس میں عمل کا عنصر نمایاں ہے۔ عمل میں آپ کی سوچ کا بہت دخل ہے۔ عملی کاموں کے بغیر معاشرہ میں ترقی نہیں ہوسکتی۔ ہر فرد جب تک عملی طور پر اپنے فرائض ادا نہیں کررہا تو کیسے ممکن ہے وہ معاشرہ کامیاب ہو۔ بلکہ اس میں کمی ہوگی اور کمی عمل کے نہ کرنے کی وجہ سے ہوگی۔ محض فارمولے بنا کر پیش کرنا اور اس کے ساتھ عمل کا دخل نہ ہو تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ اسی بات میں فائدہ ہے اگر اس کام کو مناسب عمل کے ساتھ کیا جائے۔ نیت کام کے کرنے کی نیک ہو۔ تو دنیاوی کاموں میں ترقیات ملتی ہیں اور کئی قسم کی منفعت بھی حاصل ہوتی ہے۔

نیک اعمال بجالاؤ

ہمارے پیارے آقا حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں۔

جلدی سے نیک اعمال بجا لاؤ ان فتنوں کے آنے سے پہلے جو اندھیری رات کی طرح ہوں گے۔ صبح کو آدمی مومن اور شام کو کافر ہوگا۔ یا شام کو مومن اور صبح کافر ہو جائے گا اور اپنے دین کو دنیا کے بدلے بیچ ڈالے گا۔

(صحیح مسلم ایمان باب الریح التی تکون فی قرب القیامة حدیث نمبر168)

اعمال کا دارومدار

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے سنا۔ سب اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے اور ہر انسان کو اس کی نیت کے مطابق ہی بدلہ ملتا ہے۔............

(بخاری باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ)

حضرت معاویہ بن ابوسفیانؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اعمال ایک برتن میں پڑی شے کی طرح ہیں جب برتن میں پڑی شے کا نچلا حصہ اچھا ہو تو اس کا اوپر کا حصہ بھی اچھا ہوتا ہے اور جب اس کا نچلا حصہ گندہ اور خراب ہو تو اوپر کا حصہ بھی گندہ اور خراب ہوتا ہے۔ (یہی حال اعمال کا ہے)

(ابن ماجہ ابواب الذھد باب التوقی علی العمل)

عملی پہلو

حضرت مسیح موعود نے اپنی کتب میں جابجا عمل کے مضمون پر سیر حاصل بحث کی ہے اور کئی جگہ فرمایا ہے کہ احباب ان نصائح پر عمل کر کے اپنی عاقبت سنوار سکتے ہیں۔ نہ صرف بتایا بلکہ آپ کی سیرت اور اخلاق کے پہلو کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ان پر عمل کر کے ثابت کیا کہ آپ کے قول و فعل میں کوئی تضاد نہیں تھا چونکہ آپ کی زندگی میں ہمیں آپ کے اعمال کی مثالیں بڑی کثرت سے ملتی ہیں خدمت خلق کا پہلو ہو تو آپ نے اپنے عمل کے ذریعے ثابت کیا کہ غرباء کے لئے دوائیں منگوا کر رکھیں اور بوقت ضرورت ان کو دیں اور خدا تعالیٰ نے شفا دی یہ عملی پہلو ہے۔ اور فرمایا یہ بھی خدمت خلق کا ایک عظیم کام ہے۔

اعمال صالحہ کی بدولت

حضرت مسیح موعود سورۃ السجدہ کی آیت 18 کی تشریح کرتے ہوئے اعمال صالحہ کے ساتھ لگی خوشخبریوں کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

”یعنی جو لوگ ایمان لانے والے اور اچھے کام کرنے والے ہیں جن میں ذرہ فساد نہیں۔ ان کو خوشخبری دے کہ وہ اس بہشت کے وارث ہیں جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ جب وہ عالم آخرت میں ان درختوں کے ان پھلوں میں سے جو دنیا کی زندگی میں ہی ان کو مل چکے تھے پائیں گے تو کہیں گے یہ تو وہ پھل ہیں جو ہمیں پہلے ہی دیئے گئے تھے۔ کیونکہ وہ ان پھلوں کو ان سے پہلے پھلوں سے مشابہ پائیں گے۔ اب یہ گمان کہ پہلے پھلوں سے مراد دنیا کی جسمانی نعمتیں ہیں بالکل غلطی ہے اور آیت کے بدیہی معنے اور اس کے منطوق کے بالکل خلاف ہے۔ بلکہ اللہ جل شانہ، اس آیت میں یہ فرماتا ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالحہ کئے انہوں نے اپنے ہاتھ سے ایک بہشت بنایا ہے جس کے درخت ایمان اور جس کی نہریں اعمال صالحہ ہیں۔“

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد10 ص398)

امام عمل چاہتا ہے

حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول عمل کی عملی حالت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”ضرورت اس امر کی ہے کہ تم سچ مچ وہ نمونہ دکھاؤ جو ابراہیم علیہ السلام نے دکھایا۔ کہنے والوں کی آج کمی نہیں۔ تم سے تمہارا امام عمل چاہتا ہے۔ عملی حالت درست ہوگی تو خدا تعالیٰ کے بڑے بڑے انعام و اکرام تمہارے شامل حال ہو جائیں گے۔“

(خطبات نور ص193)

اعمال سے اپنی ذات کی تعمیر کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جماعت احمدیہ کو عمل صالح کی نصائح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

عمل صالح عربی زبان میں مناسب حال فعل کو کہتے ہیں۔ پس فمن امن وا صلح کے یہ معنی ہیں کہ جو لوگ رسولوں پر ایمان لائے اور انہوں نے نمازیں پڑھیں اور روزے رکھے وہ ہلاکت سے بچ گئے بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے انبیاء کی تعلیم کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لیا اور اس عمارت کی اینٹ بن گئے جس کی تعمیر وقت کے نبی کے ہاتھوں ہو رہی ہوتی ہے ان کے لئے کوئی خوف اور کوئی حزن نہیں لیکن اس کے برخلاف جو لوگ اپنے آپ کو اس تعلیم کے مطابق نہیں بناتے اور نئی عمارت کا جزو بننے سے انکار کر دیتے ہیں۔ (۔) ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب اترتا ہے اور بوسیدہ عمارت کی طرح انہیں توڑ کر رکھ دیتا ہے۔

(انوار العلوم جلد15 ص32`31)

عمل صالح بجالائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جماعت احمدیہ کے احباب سے اپنے خطاب میں فرمایا کہ وہ عمل صالح کے پیکر بن جائیں جن سے دنیا روشن ہو۔

آپ فرماتے ہیں:۔

ہمیں اس دنیا میں نظر آتا ہے کہ بہت سے خدا کے بندے اس انابت کی طرف مائل ہوتے ہیں یعنی بار بار استغفار کے ساتھ اور توبہ کے ساتھ اپنے رب کی طرف جھکنے لگتے ہیں اور وہ اس یقین پر قائم ہو جاتے ہیں کہ جب تک ہم اپنی نفسانی خواہشات پر پورے طور پر موت وارد نہیں کریں گے ہم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ زندگی حاصل نہیں کرسکیں گے لیکن قبل اس کے کہ کوئی عمل صالح وہ بجالاسکیں اجل آتی ہے اور اس دنیا سے وہ کوچ کر جاتے ہیں تو ان لوگوں کو بھی خدا نے کہا کہ اگر تمہاری یہ کیفیت ہے تب بھی تم مایوس نہ ہونا کیونکہ اس صورت میں بھی میں تمہیں اپنی رحمت کی آغوش میں لے لوں گے اور اپنے انعاموں اور فضلوں کا تمہیں وارث بناؤں گا لیکن اگر تم بار بار توبہ کرو اگر تم اس حقیقی روح (۔) کا دعوٰی کرو اور پھر تمہیں اور زندگی بھی عطا ہو تو یہ یاد رکھو کہ پھر عمل کے ساتھ تم نے صدق اور وفا کا ثبوت دینا ہے اگر تمہارا دعوٰی تو یہ ہے کہ بڑی استغفار کرنے والے ہو اگر تمہارا دعوٰی تو یہ ہے کہ ہم اس حقیقت کو پا گئے ہیں کہ اپنی تمام مرضیوں اور خواہشات کو خدا کی رضا پر قربان کر دینا چاہئے، لیکن تمہیں عمل کا موقع ملتا ہے عمل صالح کا اور تم وہ عمل صالح بجا نہیں لاتے تو پھر تمہارے انابت ظاہری اور تمہاری (۔) کا دعوٰی تمہیں کچھ کام نہیں دے گا۔

(خطبات ناصر جلد دوم ص328)

نیت اور عمل صالح

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ایک اجتماع کے موقع پر اپنے خطاب میں عمل صالح کی برکات سے فائدہ اٹھانے کے متعلق فرمایا

خلوص نیت کے ساتھ اس اجتماع میں شمولیت اختیار کرنی چاہئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے انما الاعمال بالنیات کہ عمل صالح کے لئے یہ ضروری ہے کہ نیت بھی خالص ہو اور اس میں کسی قسم کا فساد نہ ہو۔ اگر بدنیتی سے اور فساد کی غرض سے ایسا کام کیا

جائے جو بظاہر دنیا کی نگاہ میں عمل صالح ہو تو وہ عمل اللہ کی نگاہ میں عمل صالح نہیں ہوتا۔ پس اس جلسہ میں شرکت کے لئے اور اس کی برکات سے فائدہ اٹھانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہماری نیتیں پاک ہوں اور ان میں کسی قسم کا کوئی فساد نہ ہو۔

(خطبات ناصر جلد دوم ص 2)

عمل صالح ایک بہت بڑا خزانہ ہے

پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے احباب جماعت کو ایک فکر انگیز خطاب میں فرمایا

اگر خدا تعالیٰ سے تم رزق مانگ رہے ہو لیکن بددیانتیاں کر کے خدا کے غیر سے رزق حاصل کر رہے ہو، اگر خدا تعالیٰ کی غیرت کو کچوکے دے رہے ہو اور خود اللہ کے دین کے لئے اس نام کے لئے غیرت نہیں رکھتے تو جس جس نیک ارادے یا نیک تمنا کے ساتھ اسی قسم کا عمل موجود نہیں ہے وہ چاہے رو کر دعائیں کی جائیں یا خشک آنکھوں سے کی جائیں ان میں جان ہی نہیں پیدا ہوگی، اٹھ کر اوپر جا ہی نہیں سکتیں تو فرماتا ہے کہ بعض دفعہ نیک جذبات ضرور پیدا ہوتے ہیں اس کی وجہ سے نیک خیالات بھی پیدا ہوتے ہیں لیکن اگر تم واقعی چاہتے ہو کہ وہ رفعتیں پکڑ جائیں تو ہم تمہیں بتاتے ہیں کہ ہر نیک خیال کے ساتھ ایک نیک عمل وابستہ ہے۔ جب تم وہ نیک عمل اختیار کرو گے تو وہ نیک خیال جو تمہارے دل میں اس کے مطابق ہے وہ رفعت پا جائے گا اور یہ ہے عزت حاصل کرنے کا طریق اللہ تعالیٰ کے ہاں پوپلی نرم منہ کی باتیں کام نہیں آتیں، محض جذبات کا رونا کام نہیں آتا بلکہ اس نے ایک بڑا تفصیلی حکیمانہ طریق سکھایا ہے فرمایا یہ اختیار کرو اور پھر دیکھو کہ میں کس طرح دعاؤں کو سنتا ہوں۔ ایک بھی چیز ایسی نہیں ہوگی جو تمہارے دل میں، تمہارے جذبات میں، تمہارے خیالات میں حرکت میں آئی ہو وہ آسمان تک نہ پہنچ جائے، عمل صالح پیدا کرو۔

چنانچہ اس پہلو سے جماعت کو توجہ دلانے کی ضرورت ہے۔ اتنا بڑا خزانہ ہے جذبات کا جو اس وقت عطا ہوا ہے جماعت کو اگر اس میں اسی طرح گزر گئے اور اپنے اعمال کو سدھارنے کی طرف توجہ نہ کی تو بہت بڑی نعمتوں سے محروم رہ جائیں گے۔ یہ اچھی بات ہے کہ (۔) آباد ہو رہی ہیں، یہ اچھی بات ہے کہ لوگ راتوں کو اٹھ رہے ہیں مگر اگر باقی انسانی زندگی کے اجزاء پر، اس کے شعبوں پر اس کا اثر نہ ہو تو یہ پانی سر سے گزر جائے گا اور بعد میں اسی طرح خالی کی خالی جماعت بیٹھی رہ جائے گی اس لئے بڑی تفصیلی طور پر ہر جگہ جماعت کو تنظیم کے لحاظ سے بھی اس طرف توجہ کرنی چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ جہاں جذبات انگیخت ہو چکے ہیں ان کو اعمال میں پاک تبدیلی کی خاطر استعمال کرنا شروع کریں اور انفرادی طور پر بھی ہر شخص کو اپنا محاسبہ کرتے ہوئے ان جذبات سے استفادہ کرنا چاہئے۔

بہت سی ایسی کمزوریاں ہیں خصوصاً پاکستان میں کیونکہ وہاں کا معاشرہ بڑا گندا ہو چکا ہے جو احمدیوں میں بھی کسی نہ کسی حد تک داخل ہوئی ہیں اس سے ان کو انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ہمارے صناع ویسے دیانت دار نہیں جیسا کہ (۔) انہیں دیکھنا چاہتا ہے۔ ہمارے مزدور اس طرح دیانتداری سے اپنی مزدوری کا حق ادا نہیں کرتے جس طرح (۔) ان کو دیکھنا چاہتا ہے۔ ہمارے کارخانہ دار اپنے صناعوں سے ویسا حسن سلوک نہیں کرتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ ان کو دیکھنا چاہتا ہے۔ ہمارے مالک جو مزدور سے کام لے رہے ہوتے ہیں وہ اس کے جذبات کا، اس کی ضرورتوں کا، اس کے احساسات کا ویسا خیال نہیں کرتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ ان کو دیکھنا چاہتا ہے اور ہمارے تاجر بسا اوقات ایسی رپورٹیں ملتی ہیں کہ ان میں ایک بڑا حصہ ایسا ہے جو دیانتداری کے اعلیٰ تقاضوں کو پورا نہیں کرتا۔

ربوہ کے دکانداروں کو انہی دنوں میں میں توجہ دلایا کرتا تھا، ربوہ کے مزدوروں کو توجہ دلایا کرتا تھا، ربوہ کے تانگہ بانوں کو توجہ دلایا کرتا تھا کیونکہ جلسہ کے دن قریب آنے تھے کہ اس طرف توجہ کرو بہت دور دور سے لوگ آئیں گے اور دیکھیں گے۔ لیکن اب تو لوگ آئیں یا نہ آئیں، احمدی آکر دیکھیں یا نہ دیکھیں تمام دنیا کی نگاہیں جماعت احمدیہ کی طرف مرکوز ہو چکی ہیں اس لئے جلسہ سالانہ کا ایک ایسا منظر پیدا ہو گیا ہے کہ ساری دنیا ہی اس جلسہ سالانہ میں سے گزر رہی ہے۔ کبھی جماعت کو اس غور سے نہیں دیکھا گیا جیسا اس دور میں دیکھا جا رہا ہے۔ کثرت سے لوگ آتے ہیں اور آ کے توجہ کرتے ہیں پوچھتے ہیں۔ جہاں جہاں سے خطوط ملتے ہیں دنیا کے ہر حصے سے یہ خبر بڑی نمایاں ملتی ہے کہ جن لوگوں کو کبھی کوئی پیغام بھی نہیں ملا تھا وہ اس عام شور کی وجہ سے جو دنیا میں بپا ہوا ہے لوگ آتے ہیں دیکھتے ہیں کہ کس قسم کے لوگ ہیں، کیا ان کے حالات ہیں، کیسی ان کی زندگیاں ہیں، اور بڑی گہری نظر سے جماعت کا مطالعہ کر رہے ہیں۔

(خطبات طاہر جلد نمبر 3 خطبہ جمعہ 23 نومبر 1984ء)

خلافت کا تعلق اعمال سے مشروط ہے

ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بھی جماعت احمدیہ کو نصائح کرتے ہوئے بار بار فرمایا ہے کہ نیک اعمال بجا لانے کی طرف توجہ دو ایک موقع پر آپ نے فرمایا:

